فضائل
سیدہ خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا
(حدیث و آثار کی روشنی میں)
پیشکش
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

1
حدیث نمبر
کثرت سے آپ کا ذکر خیر
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ:
"مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کسی زوجہ مطہرہ پر اتنا رشک نہیں آتا جتنا سیدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا پر،
حالانکہ میں نے انہیں دیکھا نہیں ہے، لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر ان کا ذکر فرماتے رہتے تھے۔"
(الجامع الصحیح للبخاري، کتاب مناقب الانصار، باب تزویج النبی ﷺ خدیجة و فضلها، رقم 3607)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

حدیث نمبر 2
سیدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا کی محبت عطائے خدا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا:
"مجھے خدیجہ سلام اللہ علیہا کی محبت عطا کی گئی۔"
(المسند الصحیح للمسلم، کتاب فضائل صحابۃ رضی اللہ عنہ، باب فضائل خدیجۃ أم المؤمنین، رقم 2435)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

3
حدیث نمبر

اللہ کا سلام بنام خدیجہ سلام اللہ علیہا!

جبریل علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضِر ہو کر عرض کی: "سامنے سیدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا آرہی ہیں، انہیں ان کے ربّ عَزَّوَجَلَّ کا سلام پہنچائیں"۔ (ملخصاً)

(السنن الکبری للنسائی، کتاب المناقب، مناقب خدیجة...الخ، رقم 8301)

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
"اپنے زمانے کی سب سے بہترین عورت مریم علیہا السلام ہیں اور اسی طرح اپنے زمانے کی سب سے بہترین عورت خدیجہ سلام اللہ علیہا ہیں۔"

(الجامع الصحيح للبخاري، فضائل أصحاب النبي، باب: تزويج النبي خديجة و فضلها، رقم 3604)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اللہ کی قسم مجھے اللہ نے اس سے بہتر کوئی بیوی نہیں دی، وہ مجھ پر اس وقت ایمان لائیں جب لوگوں نے انکار کیا، میری تصدیق کی جب لوگوں نے تکذیب کی، اپنے مال سے میری مدد کی جب لوگوں نے مجھے محروم رکھا اور اللہ نے اس سے مجھے وہ اولاد دی جو دوسریوں سے نہیں ملی۔"

(المسند لامام أحمد، مسند عائشة، رقم 24744 بتحقيق حمزه الزين)

جبریل علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی کہ:

"سیدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا موتی سے بنے ہوئے گھر کی بشارت دیجئے جس میں شور ہے نہ کوئی تکلیف"۔

(الجمع الصحيح للبخاري، كتاب مناقب الانصار، باب تزويج النبي ﷺ خديجة و فضلها، رقم 3820)

سیدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا کو مرضِ وفات میں دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

”اے خدیجہ! تمہیں اس حالت میں دیکھنا مجھے ناگوار گزرتا ہے۔“

(المعجم الکبیر للطبرانی، النساء، ذکر ازوج رسول، ذکر تزویج خدیجۃ... الخ، رقم18531)

حدیث نمبر 8

ہالہ رضی اللہ عنہا کی آواز سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رو پڑے

ایک بار سیدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا کی بہن ہالہ رضی اللہ عنہا نے دروازۂ نبی پر اندر آنے کی اجازت طلب کی، ان کی آواز حضرتِ خدیجہ سلام اللہ علیہا سے ملتی تھی، آواز سنتے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدیجہ سلام اللہ علیہا کی یاد میں رونے لگے۔ (ملخصاً)

(الجامع الصحیح للبخاري، کتاب مناقب الانصار، باب تزویج النبی ﷺ خدیجة و فضلها، رقم 3861)

حدیث نمبر 9

رسول اللہ ﷺ نے سیدہ علیہا السلام کی تعلق داری نبھائی

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ:

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کوئی بکری ذبح فرماتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدہ خدیجہ سلام اللہ علیہا کی سہیلیوں کو اتنا گوشت بھیجتے جو اُنہیں کفایت کر جاتا۔"

(الجامع الصحيح للبخاري، كتاب مناقب الانصار، باب تزويج النبي ﷺ خديجة و فضلها، رقم 360)

جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں کوئی شے (تحفہ) پیش کیا جاتا تو فرماتے:

"اسے فلاں عورت کے پاس لے جاؤ کیونکہ وہ خدیجہ علیہا السلام کی سہیلی تھی،

اسے فلاں عورت کے گھر لے جاؤ کیونکہ وہ خدیجہ سے محبت کرتی تھی۔"

(الادب المفرد لامام البخاري، باب: 103 قول المعروف، رقم 232)